09.05.2025
21.15 Hrs.
HL

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
(Music)

---

☆ بھارت نے بین الاقوامی سرحد پر 36مقامات کو نشانہ بنانے کی پاکستان کی اشتعال انگیز کوشش کو ناکام بنا دیاہے۔ پاکستان نے ترکی میں بنے ہوئے تقریباً 400ڈرون کا استعمال کرتے ہوئے یہ کوشش کی تھی۔
☆ جموں، سانبا اور پٹھان کوٹ میں ڈرون سے پھر حملہ کیا گیا ہے، جسے کامیابی کے ساتھ بے اثر کردیا گیا۔
☆ بھارت نے جموں وکشمیر میں اسکولوں اور مذہبی مقامات پر گولہ باری کرنے کی بنا پر پاکستان کی سخت نکتہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ پاکستان نے ڈرون سے بھارتی علاقوں کو نشانہ بناتے ہوئے سویلین ہوائی جہازوں کو ڈھال کے طور پر استعمال کیا۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہوں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی ہے۔
☆ مرکز نے سبھی ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ ایمرجنسی صورتحال میں سول ڈیفنس کے حکام کے سربراہوں کو ایمرجنسی بنیاد پر سرکاری خرید کا اختیار دیں۔
☆ زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے ملک میں غذائی اشیاء کے وافر اسٹاک ہونے کا یقین دلایا ہے۔
☆ آپریشن سندور شروع کرنے کے بعد دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے بھارت کو عالمی برادری سے زبردست حمایت مل رہی ہے۔
☆ اور کرکٹ کنٹرول بورڈ نے IPL 2025 کو ایک ہفتے کیلئے فوری طور سے معطل کئے جانے کا اعلان کیا ہے۔

---

Music
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**MEA SPL Briefing**

پاکستان نے کل رات تقریبا 400ڈرونز کا استعمال کرکے لیہہ سے لے کر سرکریک تک 36مقامات پر دراندازی کی کوشش کی تھی۔ بھارتی مسلح افواج نے ان میں سے کئی ڈرون کو مار گرایا۔ آج نئی دلّی میں ایک خصوصی بریفنگ کے دوران بھارتی فوج کی کرنل صوفیہ قریشی نے کہا کہ پاکستانی فوج نے فوج کے بنیادی ڈھانچے کو نشانے بنانے کے ارادے سے پوری مغربی سرحد پر کئی مرتبہ بھارت کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی۔ انھوں

نے کہا کہ پاکستانی فوج نے کنٹرول لائن کے علاقے میں بھاری ہتھیاروں سے فائرنگ بھی کی۔کرنل صوفیہ قریشی نے مزید کہا کہ اس طرح کی بڑے پیمانے پر کی گئی فضائی دراندازی کا مقصد فضائی دفاع کے نظام کو آزمانا اور خفیہ معلومات اکٹھا کرنا تھا۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ ڈرونز کے ملبے کی فارنسک جانچ کی جارہی ہے اور ابتدائی اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ یہ ترکی میں بنے ہوئے Asisguard Songar ڈرونز تھے۔

S/B 1810 Sofia

ادھر ونگ کمانڈر Vyomika Singh نے بتایا کہ پاکستانی حملے کے جواب میں بھارت نے مسلح ڈرونز پاکستان میں فضائی دفاع کے چار مقامات پر داغے اور اِن میں سے ایک ڈرون نے ایک AD Radar کو تہس نہس کر دیا۔ ونگ کمانڈر سنگھ نے بتایا کہ پاکستان نے بھاری توپخانے اور مسلح ڈرون کا استعمال کرتے ہوئے کنٹرول لائن کے اُس پار سے گولہ باری کی جس کے نتیجے میں کچھ نقصان ہوا اور بھارتی فوج کے کچھ اہلکار زخمی ہوئے۔

S/B Vyomika Singh Artilery Shelling 24 Se

ادھر خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ پاکستان نے کل رات بھارتی شہروں کو نشانہ بنایا اور بھارت نے پاکستان کی کوششوں کا اُسی طرح معقول جواب دیا۔سرکار نے جموں وکشمیر میں سرحد سے متصل علاقوں میں اسکولوں اور مذہبی مقامات کو نشانہ بنانے پر پاکستان پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ اس سے پاکستان کی ایک اور گراوٹ ظاہر ہوتی ہے۔

S/B Vikram Misri - Forces Proportion 17 Se

## PM Three Service Chief

وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں آج فوج، فضائیہ اور بحریہ تینوں سروسز کے سربراہان کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ بھارت–پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان یہ میٹنگ ہوئی ہے۔ میٹنگ میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال بھی موجود تھے۔ x

## PM Veterans Armed Forces

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں مسلح افواج کی سرکردہ شخصیات کے ایک گروپ سے ملاقات کی۔ اِس میں فضائیہ کے سابق سربراہ، فوج کے سابق سربراہ، بحریہ کے سابق سربراہ اور دیگر اہم شخصیات شامل تھیں، جنہوں نے ملک کیلئے خاطر خواہ خدمات انجام دیں۔ ذرائع نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران جناب مودی نے موجودہ صورتحال کے سلسلے میں اِن اہم شخصیات سے مختلف معاملات پر وسیع تر تبادلۂ خیال کیا۔ x

## Defence Home Meeting

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے مغربی سرحد پر سکیورٹی صورتحال اور بھارتی مسلح افواج کی کارروائی سے متعلق

تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے آج نئی دلّی میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میں چیف آف ڈیفنس اسٹاف، جنرل انل چوہان، فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دویدی، فضائیہ کے سربراہ ایئرچیف مارشل امرپریت سنگھ اور بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش ترپاٹھی نے شرکت کی۔

محکمۂ دفاع کے سکریٹری آر کے سنگھ بھی میٹنگ میں موجود تھے۔

ادھر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی سرحدی حفاظتی فورس، BSF، مرکزی صنعتی سکیورٹی فورس CISF اور شہری ہوا بازی کی سکیورٹی سے متعلق بیورو کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان کے ساتھ میٹنگ کی۔x

## Centre Preparedness

مرکز نے سبھی ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ ایمرجنسی صورتحال میں سول ڈیفنس کے حکام کے سربراہوں کو ایمرجنسی بنیاد پر سرکاری خرید کا اختیار دیں۔ اس سلسلے میں فائر سروسز، سول ڈیفنس اور ہوم گارڈس کے ڈائریکٹر جنرل وویک سریواستو نے ریاستوں کو مراسلہ بھیجا ہے۔سول ڈیفنس کے ضابطوں کا حوالہ دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مذکورہ ضابطوں کے تحت ریاستوں کو حملے کی صورت میں لوگوں اور املاک کے تحفظ یا اہم خدمات برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کیلئے بعض ضروری اقدامات کرنے کا اختیار ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ سرکار ایمرجنسی نظام کے پختہ انداز سے کام کاج کرنے اور ضروری خدمات کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور کوشش کر رہی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Diwaker

اسپتالوں اور طبی اداروں سے کہا گیا ہے کہ وہ ضروری دواؤں کی دستیابی، خون، آکسیجن اور ایمرجنسی کی صورت میں استعمال ہونے والی کٹس کی خاطر خواہ فراہمی کو یقینی بنائیں۔ صحت کے وزیر جے پی نڈا نے آج اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ منعقد کی اور ہدایت دی کہ میڈیکل ایمرجنسی کی صورت میں صحت کے تمام نظاموں کو ہر وقت خاطر خواہ طور پر لیس اور تیار ہونا چاہیے۔ مرکزی سرکار کے اسپتالوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ریاستی اور ضلع انتظامیہ، مسلح افواج اور ڈاکٹروں کی علاقائی ایسوسی ایشنوں اور پرائیویٹ سیکٹر کے اسپتالوں کے ساتھ تال میل قائم رکھیں تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں ردّعمل کے نیٹ ورک کو مضبوط کیا جاسکے۔ سرکاری سیکٹر کے بینکوں نے وضاحت کی ہے کہ ATM، نقد رقم جمع کرانے اور نکالنے کی مشینیں اور ڈیجیٹل خدمات سمیت سبھی خدمات پوری طرح کام کر رہی ہیں۔ انڈین آئل کارپوریشن نے یقین دلایا ہے کہ ملک میں ایندھن کا وافر ذخیرہ پایا جاتا ہے اور اس کی سبھی سپلائی لائنوں سے بلا رکاوٹ سپلائی جاری ہے۔

آنند کمار، دیواکر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے دلّی سے میں محمد اعظم

ادھر آج 9 بین الاقوامی پروازوں سمیت دلّی ہوائی اڈّے پر 138 پروازیں منسوخ کی گئیں۔ مسافروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ پرواز کے بارے میں تازہ جانکاری اور سفر سے متعلق متبادل انتظامات کیلئے اپنی ایئرلائنز سے رجوع کریں۔موجودہ صورتحال کے تناظر میں بھارتی ریلویز جموں اور اودھم پور سے نئی دلّی کیلئے تین خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔x

**Govt Airport**

سرکار نے بھارت اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں 24 ہوائی اڈّے بند رکھے جانے کی مدت 14 مئی تک بڑھا دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ایئرانڈیا نے اعلان کیا ہے کہ جموں، سری نگر، لیہہ، جودھپور، امرتسر، چنڈی گڑھ، بھج، جام نگر اور راجکوٹ میں ہوائی جہازوں کی پروازیں 15 مئی تک منسوخ رہیں گی۔کئی ایئرلائنز نے مسافروں کیلئے سفر سے متعلق ایڈوائزری جاری کی ہے اور اُن سے کہا ہے کہ وہ ہوائی اڈّوں کے بند ہونے یا نہ ہونے اور سکیورٹی سے متعلق اقدامات کے بارے میں تازہ جانکاری حاصل کریں۔x

**FACT Check**

سبھی محاذوں پر پاکستان کی جارحیت کے خلاف بھارت کے منہ توڑ جواب سے، دہشت گردی کو شہہ دینے والا پاکستان اس قدر بوکھلا گیا ہے کہ وہ اب ڈیجیٹل اسپیس میں غلط باتیں اور غلط معلومات پھیلانے میں لگا ہوا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر فرضی ویڈیو سے لے کر کاٹ چھانٹ کرکے بنائی گئی تصویروں کا سہارا لے کر پاکستان، میڈیا کو گمراہ کرنے، معاملات اور واقعات کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کی سر توڑ کوشش کر رہا ہے۔

VC Bhanu

پاکستان نے اپنی سرزمین پر دہشت گردوں کو بچانے میں اپنی ناگزیر شکست کو دیکھتے ہوئے جھنجھلاہٹ میں ڈیجیٹل لڑائی کا راستہ اختیار کیا ہے۔ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمس پر بوکھلاہٹ کا شکار پاکستان ہر طرح کی فرضی اور شرانگیز باتیں پھیلانے میں لگا ہوا ہے۔ پاکستان کی بوکھلاہٹ اس بات سے بھی ظاہر ہے کہ اس نے بھارت کے خلاف ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر ایک ویڈیو گیم کے Content کا سہارا لیا ہے۔ ویڈیو گیم کی ایک Clip کو موجودہ حالات سے منسوب کرکے اس کی تشہیر کی جارہی ہے۔اس کی ایک اور مثال ڈھاکہ کا ایک ویڈیو ہے جو جموں میں اس کے حملے کا جھوٹا دعویٰ کرنے کیلئے شیئر کیا گیا ہے۔اسی طرح لبنان میں دھماکہ خیز حملے کا 2020 کا ایک ویڈیو یہ دعویٰ کرنے کیلئے استعمال کیا گیا کہ پاکستان نے بھارت پر میزائل حملہ لانچ کیا ہے۔ان سبھی دانستہ کوششوں سے صاف ظاہر ہے کہ بھارت کی منہ توڑ جوابی کارروائی سے پاکستان فکرمند ہوگیا ہے اور وہ فرضی باتوں اور ڈیجیٹل ہتھکنڈوں کے ذریعے حقیقت پر پردہ ڈالنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شمیم احمد

چونکہ پاکستان سوشل میڈیا پر پروپیگنڈہ پھیلانے میں لگا ہوا ہے، اس لئے اِس نازک دور میں ہر جانکاری اور معلومات کی پوری احتیاط کے ساتھ تصدیق کرنے کی ضرورت ہے۔

لہٰذا اگر آپ کو بھی خاص طور پر بھارتی مسلح افواج یا موجودہ صورتحال کے تعلق سے کوئی بھی مشکوک بات معلوم ہوتی ہے تو اس کی اطلاع آپ PIB Fact Check کو ضرور دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ Whats App نمبر آٹھ سات نو نو سات ایک ایک دو پانچ نو پر بھی اسے شیئر کرسکتے ہیں یا پھر ای میل آئی ڈی socialmedia@pib.gov.in پر بھیج سکتے ہیں۔x

## Overall States Preparedness

مختلف ریاستیں ایمرجنسی مشق، وسائل کی تعیناتی اور اعلیٰ سطح کے سکیورٹی جائزے کے ساتھ اپنی تیاری میں تیزی لارہی ہیں۔ دہرہ دون میں اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی اور متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت دی کہ وہ ہر طرح کی صورتحال کیلئے پوری طرح تیار رہیں۔ انھوں نے محکمۂ اطلاعات سے بھی کہا کہ وہ افواہوں سے سرگرمی کے ساتھ نمٹے اور عوام کو بروقت تازہ جانکاری فراہم کریں۔مہاراشٹر میں وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے محکمۂ صحت اور بحران سے پیدا حالات سے نمٹنے سے متعلق محکمے کے اعلیٰ اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ کردی ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہمراہ ایک تیاری جائزے میں جناب فڑنویس نے ضلع سطح پر War Rooms تشکیل دیئے جانے، بلیک آؤٹ مشق، بجلی منقطع ہونے کی صورت میں اسپتالوں میں تال میل اور بجلی کے متبادل انتظامات کا حکم دیا ہے۔پنجاب میں وزیر اعلیٰ بھگونت سنگھ مان نے کہا ہے کہ ریاستی سرکار نے ڈرون شکن نظام خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سرحدی حفاظتی فورس کے ساتھ تال میل کرکے ریاست کے چھ سرحدی ضلعوں میں اِس طرح کے 9نظام نصب کئے جائیں گے تاکہ منشیات کی اسمگلنگ اور دہشت گردی پر نظر رکھی جاسکے۔کابینہ کی میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پنجاب سرکار نے اپنی ''فرشتے اسکیم'' میں دہشت گردی کے متاثرین اور جنگ میں زخمی ہونے والے شہریوں کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے تحت متاثرہ افراد کا مفت علاج کیا جائے گا۔جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بڑھتی ہوئی کشیدگی، جموں میں ڈرون حملوں اور جموں کے سرحدی ضلعوں میں شدید گولہ باری کے تناظر میں صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے آج جموں کا دورہ کیا۔ وہ جموں اور سانبا میں کئی کیمپوں اور دیگر مراکز میں گئے تاکہ اِن کیمپوں میں رہنے والے لوگوں کیلئے کئے گئے راحت کے انتظامات کا جائزہ لیا جاسکے۔ انھوں نے بے گھر ہونے والے کنبوں سے ملاقات کی۔سرکار نے سرحدی ضلعوں میں کئی مقامات پر امدادی کیمپ قائم کئے ہیں۔ جناب عمر عبداللہ نے مجموعی صورتحال اور امدادی اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے ضلع کے اعلیٰ افسروں کے ساتھ تبادلہ خیال بھی کیا۔ انھوں نے سبھی متاثرہ لوگوں کی سلامتی اور بہبود کے تئیں سرکار کے پختہ عزم کو دوہرایا۔جناب عمر عبداللہ نے جموں اور کشمیر دونوں ڈویژنوں میں مختلف مقامات پر سرحد پار سے پاکستان کے کل رات کے حملوں کو پسپا کرنے کیلئے فورسز کی تیزی کے ساتھ موثر کارروائی کی تعریف کی۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کو پوری قوت کے ساتھ اپنے عوام اور علاقے کا دفاع کرنے کا حق ہے۔ادھر جموں وکشمیر سرکار نے اعلیٰ IAS افسر Shaleen Kabra کو مرکز کے زیر انتظام علاقے کا سرکاری ترجمان مقرر کیا ہے۔ وہ فی الحال جل شکتی محکمے کے مالی امور کے کمشنر ہیں۔x

## Shivraj Food Reserves

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ملک میں غذائی سامان کے ذخائر خاطر خواہ ہیں۔ جناب چوہان نے شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ کسی بھی قسم کی ایمرجنسی کے وقت صبر و سکون سے رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت میں خوب پیداوار ہوتی رہی ہے اور فصلوں کے آنے والے سیزن میں بھی حالات سازگار ہیں۔ نئی دلّی میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے یہ اطلاع بھی دی

کہ حکومت، جموں و کشمیر اور پنجاب جیسی ریاستوں سے بات چیت کرے گی اور بیجوں اور کاشتکاری کا سامان بھی مہیا کرانے کو یقینی بنائے گی۔ یہ کام، وزراء اعلیٰ سے تبادلۂ خیال کے ذریعے صورتحال کے مطابق کیا جائے گا۔

S/B: Shivraj Singh Chauhan

اِدھر صارفین کے امور کے وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ ضروری اشیاء کے کاروبار میں لگے تاجروں، تھوک دکانداروں، خردہ دکانداروں اور کاروباری اداروں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ قوانین نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کوئی بھی شخص ذخیرہ اندوزی یا جمع خوری میں ملوث پایا گیا تو اُس کے خلاف ضروری اشیاء سے متعلق قانون کی متعلقہ شقوں کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ x

## Global Suport OP Sindoor

بھارت کی جانب سے آپریشن سندور شروع کیے جانے کے بعد بھارت کے اندازِ نظر کو دہشت گردی سے مقابلہ آرائی کے سلسلے میں بین الاقوامی برادری کی جانب سے پُرزور حمایت حاصل ہوئی ہے۔ امریکہ، انگلینڈ، اسرائیل، سعودی عرب، قطر اور متحدہ عرب امارات نے بھارت کے موقف کی حمایت کی ہے۔ یوروپی یونین اور اس کے سبھی 27 ممبر ملکوں نے ایک متحدہ اور مضبوط جاری کیا ہے۔ امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بھارت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے صبر و تحمل پر زور دینے اور سفارتی طریقۂ کار پر آگے بڑھنے کے مشورے کے ساتھ ساتھ دہشت گردی سے لڑنے کے اُس کے خود مختار حق کی بھی توثیق کی ہے۔ امریکہ کے وزیر خارجہ David Lammy نے کہا کہ بھارت کیلئے غصے کے اظہار کی سبھی وجوہات پائی جاتی ہیں۔

سابق وزیر اعظم رشی سونک نے صاف لفظوں میں کہا کہ کوئی بھی ملک سرحد پار کی دہشت گردی کو برداشت نہیں کرے گا۔ روس نے دونوں ملکوں کیلئے صبر و تحمل کی اپیل کرتے ہوئے یہ بات واضح لفظوں میں کہی کہ وہ دہشت گردی کی سبھی قسموں کی مذمت کرتا ہے اور وہ فوجی کارروائی میں اضافے کے تعلق سے انتہائی تشویش میں مبتلا ہے۔ اسرائیل بھی بھارت کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔ اُس کے سفیر نے بیان دیا ہے کہ دہشت گردوں کیلئے کوئی جائے پناہ نہیں ہے اور انہوں نے بھارت کے اپنے دفاع کے حق کی حمایت کی ہے۔ x

## BCCI Suspends IPL

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ، BCCI نے اعلان کیا ہے کہ آئی پی ایل 2025 کے جاری سیزن کے باقی بچے میچوں کو فوری طور پر ایک ہفتے کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔ یہ فیصلہ بھارت اور پاکستان کے درمیان جاری بڑھتی ہوئی فوجی کشیدگی کے پیش نظر کیا گیا ہے، خاص طور پر کشمیر خطے میں سرحد کے پار سے حالیہ جارحیت کی وجہ سے یہ فیصلہ سامنے آیا ہے۔BCCI نے آج دوپہر ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ حکام اور شراکت داروں کے ساتھ مشاورت میں صورتحال کا جامع جائزہ لینے کے بعد نئے شیڈیول اور معلومات کے سلسلے میں مطلع کیا جائے گا۔یہ فیصلہ IPL کی گورننگ کونسل نے Franchise کے نمائندوں سمیت کلیدی شراکت داروں کے ساتھ مکمل طور پر تبادلۂ خیال کرنے کے بعد کہا ہے۔ x

*******